SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

PRESS RELEASE

For immediate release
October 11, 2019

ڈیجیٹلائزیشن: ستمبر میں 96 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹرڈ ہوئیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد (اکتوبر 10): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ڈیجیٹل اصلاحات نے کمپنیوں کی رجسٹریشن، پوسٹ انکارپوریشن کمپلائنس اور فیسوں کی ادائیگیوں کے طریقہ کار کو آسان اور تیز بنا دیا ہے۔ ستمبر 2019 میں ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ ہونے والی کمپنیوں میں سے 96 فیصد کمپنیوں نے آن لائن رجسٹریشن حاصل کی جبکہ 50 فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن کا عمل ایک دن کے اندر اندر مکمل کیا گیا۔ قابل ذکر بات یہ ے ک 85 غیر ملکی سرمایہ کاروں نے ایس ای سی پی کی آن لائن سروس کے ذریعے بیرون ملک سے ہی اپنی کمپنیوں کی رجسٹریشن مکمل کر لی۔

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ستمبر 2019 میں ایک ہزار تین سو بانوے نئی کمپنیاں رجسٹر کیں۔ نئی رجسٹریشن کے بعد ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی کل تعداد 105,407 ہو گئی ہے۔ کمپنیوں کی رجسٹریشن میں اضافہ ایس ای سی پی کی جانب سے ملک میں کاروباری آسانیوں کے لئے کئے گئے اقدامات اور اصلاحات کا نتیجہ ہے۔

ستمبر میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 69 فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ، 27 فی صد سنگل ممبر جبکہ 4 فی صد میں پبلک ان لسٹڈ، ٹریڈ آرگنائزیشنز، غیر ملکی کمپنیاں اور لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپ اور غیر منافع بخش ایسوسی ایشنز شامل ہیں۔ ستمبر کے مہینے کے دوران، 51 نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں کے سرمایہ کاروں کا تعلق چین، ڈنمارک، جرمنی، ہانگ کانگ، جاپان، جنوبی کوریا، ملائیشیا، نیدر لینڈ، نائجیریا، پولینڈ، جنوبی افریقہ، سوئزر لینڈ ایران، اٹلی، جنوبی کوریا، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، امریکہ اور یمن سے ہے۔

سب سے زیادہ کمپنیاں ٹریڈنگ کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 239 ہے، تعمیرات میں 173 ، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 148، سیر و سیاحت میں 79، رئیل سٹیٹ میں 54، خوراک و مشروبات میں 52، تعلیم میں 48، انجینئرنگ اور ٹیکسٹائل میں 38، کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ میں 37، مارکیٹنگ اور ڈویلپمنٹ میں 32، ٹرانسپورٹ میں 24، ہیلتھ کیئر میں اور ادویہ سازی میں 21، مواصلات میں 20، لاگنگ میں 17، کیمیکل میں 16، آٹو اینڈ الائیڈ، کاسمیٹکس اور سٹیل اور الائیڈ میں 15، بجلی کی پیداوار میں تیرہ، براڈکاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ میں 12 اور جبکہ بقیہ 92 کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹرڈ ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

503 کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹرڈ ہوئیں اس کے بعد بالترتیب لاہور اور کراچی میں 413 اور 247 کمپنیاں رجسٹرڈ کی گئیں۔ پشاور، ملتان، فیصل آباد، گلگت بلتستان، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب 78,69,40,28 اور 2 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

ایس ای سی پی کی ای سروس کے ذریعے، کمپنی رجسٹریشن کروانے کی جانب پہلا قدم ہے۔ کمپنی کے نام کی ریزرویشن، رجسٹریشن کی درخواست، چیف ایگزیکٹو کا تقرر اب ضم کر دئے گئے ہیں۔ ایس ای سی پی کی ای سروس کے ذریعے کمپنی رجسٹریشن کا سارا عمل آن لائن کیا جاسکتا ہے۔ کمپنی رجسٹریشن کا عمل بھی آسان بنادیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ، ایس ای سی پی کی ای سروسز پورٹل کے براؤزرز کی مطابقت میں بہتری لائی گئی ہے۔